# پاکستان ریلویز کیرج فیکٹری اسلام آباد

پاکستان ریلوے کیرج فیکٹری اسلام آباد کو درج ذیل دوکانات اور پلاٹس مختلف مقاصد کے لئے لیز پر دینا مقصود ہیں۔

| نمبر شمار | محل وقوع | رقبہ | مقصد | مدت معاہدہ | بنیادی تخمینہ (سالانہ) | تاریخ ومقام نیلامی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | **زراعت** | | | | | |
| 1 | نزد برج نمبر 02، کیرج فیکٹری کالونی راولپنڈی (پلاٹ نمبر-02) | 0.68 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 237,500/- | مورخہ 30.07.2024 (10 بجے دن) بمقام کمیٹی روم ایڈمن آفس کیرج فیکٹری اسلام آباد |
| 2 | نزد برج نمبر 02، کیرج فیکٹری کالونی راولپنڈی (پلاٹ نمبر-03) | 1.95 ایکڑ | زرعی | پانچ سال | 215,000/- | |
| نمبر شمار | محل وقوع | رقبہ | مقصد | مدت معاہدہ | پریمیم برائے 05 سال | تاریخ ومقام نیلامی |
| | **دوکانات** | | | | | |
| 1 | ریل مارکیٹ، مسلم کمرشل بینک، ڈھوک حسو راولپنڈی | 322 مربع فٹ | (03 دوکانات) دکان نمبر 1،2،7 | پانچ سال | 804،327/- فی دوکان | مورخہ 30.07.2024 (10 بجے دن) بمقام کمیٹی روم ایڈمن آفس کیرج فیکٹری اسلام آباد |
| 2 | حافظ آباد روڈ، ڈھوک حسو راولپنڈی | 560 مربع فٹ | دکان نمبر 13 | پانچ سال | 13،98،830/- | |
| 3 | حافظ آباد روڈ، ڈھوک حسو راولپنڈی | 100 مربع فٹ | دکان نمبر 13-اے | پانچ سال | 249،791/- | |
| 4 | ریل مارکیٹ نزد ڈھوک حسو چوک، کیرج فیکٹری کالونی راولپنڈی | 270 مربع فٹ فی دکان | (07 دوکانات) 5, 6, 7, 8, 9, 10 & 17 | پانچ سال + پانچ سال | 11،58،030/- فی دوکان | |

## شرائط و ضوابط برائے نیلامی

1۔ تمام شرکت کنندگان کو برائے زراعت کے لئے -/5،000 روپے اور دوکانات کے لئے -/10،000 روپے شرکت فیس (ناقابل واپسی) اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی نیلامی سے پہلے آکشن کمیٹی کے پاس جمع کروانی ہوگی۔

2۔ ہر شرکت کنندہ زراعت کے لئے اپنے اصل شناختی کارڈ کے ہمراہ -/50،000 روپے اور دوکانات کے لئے -/100،000 روپے کی سی ڈی آر بنام سینئر اکاؤنٹ آفیسر کیرج فیکٹری اسلام آباد بطور زر ضمانت آکشن سے قبل آکشن کمیٹی کے پاس جمع کروائے گا جو ناکام بولی دہندہ کو موقع پر ریلیز کر دی جائے گی۔

3۔ زراعت اور دوکانات کا سالانہ کرایہ ہر سال 10% (@ کمپاؤنڈ انٹرسٹ) کے حساب سے بڑھایا جائے گا۔

4۔ آکشن کے 72 گھنٹوں کے اندر زراعت کا سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ سیکیورٹی منی کے طور پر ایک سال کے کرایہ کے برابر رقم کا 50 فیصد بصورت کال ڈیپازٹ ریسیپٹ بطور سیکیورٹی منی 72 گھنٹوں کے اندر کسی بھی بینک کا جاری کردہ بنام سینئر اکاؤنٹ آفیسر کیرج فیکٹری اسلام آباد جمع کرائے گا اور باقی 50 فیصد مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 14 دن میں جمع کروانا ہوگی بصورت دیگر ان کی منظوری کینسل / ختم کر دی جائے گی اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

5۔ سیکیورٹی کے علاوہ سالانہ کرایہ کے طور پر ایک سال کا کرایہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 14 دن کے اندر ایڈوانس جمع کروانا ہو گا۔ بصورت دیگر 50 فیصد سیکیورٹی منی بغیر کسی نوٹس کے پاکستان ریلویز کے حق میں ضبط ہو جائے گی اور مطلوبہ زمین دوبارہ آکشن کی جائے گی۔

6۔ آکشن کے بعد تعمیر شدہ دوکانات کا سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ پیش کردہ پریمیم کا 40 فیصد موقع پر ریلوے خزانے میں جمع کروانے کا پابند ہو گا اور باقی 60 فیصد مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد جمع کروانا ہو گا۔ بصورت دیگر ان کی منظوری کینسل / ختم کر دی جائے گی اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

7۔ آکشن کے بعد نئی دوکانات کا سب سے زیادہ بولی دینے والا بولی دہندہ پیش کردہ پریمیم کا 50 فیصد موقع پر ریلوے خزانے میں جمع کروانے کا پابند ہو گا اور باقی 50 فیصد مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد جمع کروانا ہو گا۔ بصورت دیگر ان کی منظوری کینسل / ختم کر دی جائے گی اور زر ضمانت بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی۔

8۔ بولی دہندہ کو ناقابل واپسی پریمیم دینا ہو گا۔ جبکہ کرایہ کا اعلان موقع پر کیا جائے گا۔

9۔ ہر دوکان کے لئے الگ بولی دینا ہو گی جس کا پریمیم فکس ہو گا اور زیادہ سے زیادہ کرائے کی بنیاد پر جانچی جائے گی۔

10۔ نیلامی کے لئے مخصوص دوکانوں کی تعداد میں موقع پر کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔

11۔ دوکانات کی سیکیورٹی کی رقم 06 ماہ کے کرائے کے برابر ہو گی جو کہ بولی کی منظوری کے بعد جمع کروانی ہو گی۔

# شرائط و ضوابط برائے نیلامی

12۔ سیکیورٹی کے علاوہ کرایہ کے طور پر 06 ماہ کا کرایہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے 14 دن کے اندر ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔ بصورت دیگر 40 فیصد پریمیم بغیر کسی نوٹس کے پاکستان ریلویز کے حق میں ضبط ہو جائے گا اور مطلوبہ دوکان دوبارہ آکشن کی جائے گی۔

13۔ لیز کا عرصہ پورا ہونے پر دوکان کا قبضہ پاکستان ریلوے واپس لے گا اور دوکان کی دوبارہ نیلامی ہوگی۔

14۔ زراعت اور کار پارکنگ کی لیز کے دورانیہ میں توسیع نہیں ہوگی۔

15۔ دوکانات اور جگہ کا قبضہ تمام واجبات کی ادائیگی، تکمیل معاہدہ اور مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد دیا جائے گا۔

16۔ دوکانوں کی چھت اور فرنٹ کی جگہ کو استعمال کی اجازت نہیں ہوگی نہ ہی لائسنسی دوکان میں بغیر اجازت کسی قسم کی تبدیلی کا مجاز ہوگا۔

17۔ کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی حتمی منظوری سے پہلے دوکان کا کرایہ دار (لائسنسی) تصور نہ ہوگا۔

18۔ لائسنسی دوکان کے حقوق مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بغیر کسی اور کے نام منتقل نہیں کر سکے گا۔

19۔ حکومت پاکستان کی پالیسی اور قوانین کے مطابق دوکان کو اشیاء کی خرید و فروخت کے علاوہ دیگر کسی بھی ممنوعہ اشیاء یا غیر قانونی مقاصد کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔

20۔ کامیاب بولی دہندہ اپنے طور پر گیس، بجلی، ٹیلی فون وغیرہ کے کنکشن کا ذمہ دار ہوگا تاہم کیرج فیکٹری انتظامیہ اس مقصد کے لئے ناقابل اعتراض سرٹیفکیٹ (این او سی) جاری کرے گی۔

21۔ اگر موجودہ کرایہ دار نے آکشن میں حصہ لیا اور وہ ناکام رہا اور وہ ریلوے کا نادہندہ نا ہو تو اسے آکشن کے بعد پہلا حق انکار (کہ وہ اپنی بولی سب سے زیادہ بولی کے برابر لے آئے) دیا جائے گا۔

22۔ سرکاری ملازم نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا تاہم سرکاری ادارے حصہ لینے کے اہل ہیں۔

23۔ نادہندہ اور پاکستان ریلوے کیرج فیکٹری اسلام آباد کے ساتھ مقدمہ بازی اور قانونی چارہ جوئی میں ملوث افراد کو نیلامی میں شرکت کی اجازت نہیں ہے۔

24۔ کامیاب بولی دہندہ پیش کردہ بولی کا 10٪ بطور ود ہولڈنگ ٹیکس مجاز اتھارٹی کے پاس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

25۔ محل و توع، دوکان کے ملاحظہ اور مزید معلومات کے لئے نیچے دیئے گئے پتہ یا آئی او ڈبلیو کیرج فیکٹری اسلام آباد کے دفتر سے رجوع کریں۔ بولی کے بعد کسی قسم کی کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔

26۔ آکشن سے پہلے مطلوبہ دوکان کے راستے کے لئے معائنہ کیا جا سکتا ہے۔ مطلوبہ جگہ تک رسائی کی ذمہ داری بولی دہندہ کی اپنی ہوگی۔ اس ضمن میں کیرج فیکٹری انتظامیہ کسی عذر کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

27۔ زمین کا قبضہ دیتے وقت سائیٹ کے مطابق رقبہ / پیمائش کم و بیش ہو سکتے ہیں۔

28۔ پاکستان ریلوے کیرج فیکٹری اسلام آباد انتظامیہ کسی بھی وقت آکشن / لیز کو کینسل کر سکتی ہے۔


ہمایوں الطاف

اسسٹنٹ ایگزیکٹو انجینئر کیرج فیکٹری اسلام آباد

برائے، مینیجنگ ڈائریکٹر، پاکستان ریلوے کیرج فیکٹری اسلام آباد

فون نمبر: 051-9278124